
16A


PILOT
SUPER ONE
بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، پنجاب، سندھ، خیبر پختونخواہ، بلوچستان، آزاد کشمیر
اور فیڈرل بورڈ آف اسلام آباد کے نئے نصاب کے عین مطابق
آئینہ
اسلامیات
(لازمی)

16B

## معزز ومحترم ماہرین تعلیم واساتذہ کرام!

محترم ـــــ السلام علیکم!

ہماری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ آپ کو آپ کے اہل خانہ کو ہمیشہ خوش وخرم رکھے اور اپنے نونہالان چمن کی آبیاری احسن طلوط پر کرتے رہیں۔

ہمارا ادارہ نئے طریقہ امتحان کے مطابق کتب چھاپنے میں پیش پیش ہے۔

خالد بک ڈپو ایک عرصہ سے پاکستانی بچوں کے لیے آسان اور جامع درسی کتب شائع کر رہا ہے۔ ہمارا ماہر پروفیسرز اور اساتذہ کرام پر مشتمل بورڈ نئی تعلیمی امتحانی پالیسی کو مدنظر رکھ کر معیاری درسی کتب ترتیب دیتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ہماری شائع کردہ آئینہ اور پائنٹ انگلش گرامر، ریاضی، سائنس، سوشل سٹڈیز اور مطالعہ پاکستان ـــ چھٹی سے لے کر میٹرک تک کے طلباء واساتذہ میں بے حد مقبول ہیں اور ان کا مطالعہ امتحانات میں 100 فیصد کامیابی کی ضمانت ہے۔

خالد بک ڈپو پریپ سے ایم ۔اے تک ہر مضمون کی معیاری اور دیدہ زیب کتب شائع کرتا ہے جنہیں مواد اور معیار کے اعتبار سے نامور ماہرین تعلیم نے سراہا ہے اور یہ طلباء کے لیے بے حد مفید ثابت ہوئی ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ خالد بک ڈپو میٹرز اور F.Sc کی معیاری رنگین پریکٹیکل نوٹ بکس، بہترین ڈکشنریاں اور لغات PCS اور CSS کی تیاری کے لیے اپ ٹو ڈیٹ اور اغلاط سے پاک کتابیں اور پائنٹ لیکچر گائیڈ اور پائنٹ لیکچر گائیڈ بھی شائع کرتا ہے جو معیاری اور کم قیمت ہیں۔

محترم! خالد بک ڈپو کی یہ کامیابیاں آپ کی رہنمائی اور تعاون کی مرہون منت ہیں۔ ہم امید کرتے ہیں کہ آپ کا تعاون ہمیشہ ہمیں حاصل رہے گا اور آپ کی تجاویز وآراء ہمارے لیے مشعل راہ ہوں گی۔

جیسا کہ آپ کو معلوم ہوگا کہ جماعت نہم ودہم کے پریکٹیکل کا طریقہ امتحان تبدیل کر دیا گیا ہے لہٰذا نئے مروجہ طریقہ کے تحت پریکٹیکل امتحان تحریری ہوگا۔ کل تین سوالات دیئے گئے ہونگے جن میں سے دو سوالات حل کرنا ہوں گے۔ پریکٹیکل کے کل دس نمبر ہوں گے۔ اس سلسلہ میں خالد بک ڈپو کی پائنٹ پریکٹیکل پاس بک فزکس، کیمسٹری، بیائیولوجی اور کمپیوٹر نئے امتحانی نظام کے مطابق شائع ہو چکی ہیں۔ ان کتابوں کو خریدنے کے بعد کسی کتاب، گائیڈ اور خلاصہ کی ضرورت نہیں رہے گی۔

خالد بک ڈپو درسی کتب کی اشاعت کو ایک مقدس فریضہ سمجھتا ہے یہی وجہ ہے کہ پورے پاکستان میں ”خالد بک ڈپو“ کی شائع کردہ درسی کتب طلباء کی پہلی چوائس ہیں اور الحمدللہ پاکستان کے ہر اچھے بک سٹور پر ہماری کتب دستیاب ہیں۔

جیسا کہ آپ کو معلوم ہے کہ ہمارے ادارہ کے کتابوں کے علاوہ شائع کردہ ماڈل پیپرز تمام کلاسز بشمول پرائمری، مڈل، ہائی سکول میں سابقہ سالوں میں شاندار کامیابی حاصل کی ہے۔ مارکیٹ سے ہٹ کر کم قیمت پر اور جدید طرز کے سابقہ مارکیٹ میں ہر شہر میں دستیاب ہیں اور معروضی کتب بھی دستیاب ہیں۔ ڈاک وزن کی پابندی کی وجہ سے چند نمونہ جات آپ کو ارسال کر رہے ہیں۔ اگر مزید کتب کی ضرورت ہو تو برائے مہربانی ہم سے مندرجہ ذیل نمبروں پر رابطہ کریں۔

فون نمبر 042-37229740 , 042-37223881

نوٹ: خالد بک ڈپو اپنے قیام سے ہی یتیم، نادار اور مستحق طلباء کو مفت کتابیں فراہم کرتا آ رہا ہے۔ طلباء اپنے تعلیمی ادارے کے سربراہ سے تصدیقی سرٹیفکیٹ لے کر اس سہولت سے مستفید ہو سکتے ہیں۔

مخلص

**خالد پرویز**

کنوینیر ٹیکسٹ بک کمیٹی لاہور چیمبر آف کامرس

**چیئرمین خالد بک ڈپو**

صدر اُردو بازار، لاہور


| تاریخ اشاعت | ایڈیشن | تعداد | مطبع | ناشر | قیمت |
|---|---|---|---|---|---|
| نیو ایڈیشن | اوّل | 2000 | خالد کیبر پرنٹر | خالد بک ڈپو | 194.95 |

اب یہ ظاہر ہے کہ ان میں سے کوئی ضرورت بھی نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد باقی نہیں رہی ہے۔

قرآن خود کہہ رہا ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو تمام دنیا کی ہدایت کے لیے مبعوث فرمایا گیا ہے اور دنیا کی تمدنی تاریخ بتا رہی ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بعثت کے وقت سے مسلسل ایسے حالات موجود رہے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دعوت سب قوموں کو پہنچ سکتی تھی اور ہر وقت پہنچ سکتی ہے اس کے بعد الگ الگ قوموں میں انبیاء آنے کی کوئی حاجت باقی نہیں رہتی۔

قرآن اس پر بھی گواہ ہے اور اس کے ساتھ حدیث وسیرت کا پورا ذخیرہ اس امر کی شہادت دے رہا ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی لائی ہوئی تعلیم بالکل اپنی صحیح صورت میں محفوظ ہے اس میں مسخ وتحریف کا کوئی عمل نہیں ہوا ہے جو کتاب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم لائے تھے اس میں ایک لفظ کی بھی کمی وبیشی آج تک نہیں ہوئی۔ نہ قیامت تک ہو سکتی ہے۔ جو ہدایت آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے قول وعمل سے دی، اس کے تمام آثار آج بھی اس طرح ہمیں مل جاتے ہیں کہ گویا ہم آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زمانے میں موجود ہیں اس لئے دوسری ضرورت بھی ختم ہوگئی۔

پھر قرآن مجید یہ بات بھی صاف کہتا ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ذریعے سے دین کی تکمیل کردی گئی۔ لہٰذا تکمیل دین کے لیے اب کوئی نبی درکار نہیں رہا۔ اب رہ جاتی ہے چوتھی ضرورت تو اگر اس کے لیے کوئی نبی درکار ہوتا تو وہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زمانے میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ مقرر کیا جاتا، ظاہر ہے کہ جب وہ مقرر نہیں کیا گیا تو یہ وجہ بھی ساقط ہوگئی۔

لہٰذا ختم نبوت کا عقیدہ ایسا اہم اور بنیادی عقیدہ ہے کہ اس پر ایمان لائے بغیر کوئی شخص مسلمان نہیں کہلا سکتا یہی وجہ ہے کہ اسلامی جمہوریہ پاکستان کے آئین میں خاص طور پر یہ دفعہ شامل کی گئی ہے کہ ختم نبوت کا منکر دائرہ اسلام سے خارج ہے۔

# ختم نبوت کے عقلی دلائل

## اب نئے نبی کی آخر ضرورت کیا ہے؟

مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودی رحمۃ اللہ علیہ نے ختم نبوت پر ٹھوس دلائل دیئے ہیں اور واضح طور پر بیان کیا ہے کہ اب نئے نبی کی ضرورت ہرگز باقی نہیں رہی۔ موصوف لکھتے ہیں:

آدمی سوچے تو اس کی عقل خود یہ کہہ دے گی کہ جب تمام دنیا کے لئے ایک نبی بھیج دیا جائے اور جب اس نبی کے ذریعہ سے دین کی تکمیل بھی کر دی جائے اور جب اس نبی کی تعلیم کو پوری طرح محفوظ بھی کر دیا جائے تو نبوت کا دروازہ بند ہو جانا چاہئے تاکہ اس آخری نبی کی پیروی پر جمع ہو کر تمام دنیا میں ہمیشہ کے لئے اہل ایمان کی ایک ہی امت بن سکے اور بلاضرورت نئے نئے نبیوں کی آمد سے اس امت میں بار بار تفرقہ نہ برپا ہوتا رہے۔ نبی خواہ ''ظلی'' ہو ''بروزی'' امتی ہو یا صاحب شریعت اور صاحب کتاب بہر حال جو شخص نبی ہوگا اور خدا کی طرف سے بھیجا ہوا ہوگا اس کے آنے کا لازمی نتیجہ یہی ہوگا کہ اس کے ماننے والے ایک امت بنیں اور نہ ماننے والے کافر قرار پائیں۔ یہ تفریق اس حالت میں تو ناگزیر ہے جبکہ نبی کے بھیجے جانے کی فی الواقع ضرورت ہو۔ مگر جب اس کے آنے کی کوئی ضرورت باقی نہ رہے تو خدا کی حکمت اور اس کی رحمت سے یہ بات قطعی بعید ہے کہ وہ خواہ مخواہ اپنے بندوں کو کفر و ایمان کی کش مکش میں مبتلا کرے اور انہیں کبھی ایک امت نہ بننے دے۔ لہٰذا جو کچھ قرآن سے ثابت ہے اور جو کچھ سنت اور اجماع سے ثابت ہے۔ عقل بھی اسی کو صحیح تسلیم کرتی ہے اور اس کا تقاضا بھی یہی ہے کہ اب نبوت کا دروازہ بند ہی رہنا چاہئے۔

## قرآن مجید کی خصوصیات

**سوال: قرآن مجید کی چند اہم خصوصیات لکھیں۔**

**جواب: قرآن مجید کی خصوصیات**

اللہ تعالیٰ اپنے بندوں پر بہت مہربان ہے۔ اس نے انسانوں کو پیدا کر کے صرف ان کی مادی ضروریات ہی پوری نہیں کیں بلکہ ان کی روحانی رہنمائی اور ہدایت کا سامان بھی کیا ہے۔ اس نے انسانوں کی رہنمائی کے لئے وقتاً فوقتاً اپنے رسول اور نبی بھیجے۔ رسولوں پر اللہ تعالیٰ نے کتابیں نازل فرمائیں تاکہ ان کے دنیا سے رخصت ہو جانے کے بعد بھی لوگ اللہ تعالیٰ کی کتابوں سے ہدایت حاصل کرتے رہیں۔ اللہ تعالیٰ نے ہمارے لئے دین اسلام پسند فرمایا، جسے اس نے اپنے آخری محبوب رسول حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر نازل فرمایا۔ قرآن مجید کو خصوصی فضیلت حاصل ہے۔ یہ اللہ تعالیٰ کا آخری کلام ہے جو قیامت کے